فہرستِ مخطوطات

(عربی، فارسی اور اُردو)

مدیر
ڈاکٹر محمد شفیق مراد آبادی

امیر الدّولہ پبلک لائبریری
قیصر باغ لکھنؤ-۲۲۶۰۰۱ (بھارت)

فہرستِ مخطوطات

(عربی، فارسی اور اُردو)

مدیر

ڈاکٹر محمد شفیق مرادآبادی

ناشر

نصُرت ناہید (سکریٹری لائبریرین)

امیر الدولہ پبلک لائبریری

قیصر باغ لکھنؤ (بھارت)

یکے از سلسلۂ مطبوعات امیر الدولہ پبلک لائبریری لکھنؤ، یوپی

© امیر الدولہ پبلک لائبریری لکھنؤ

کتاب کا نام	:	فہرست مخطوطات
مدیر	:	ڈاکٹر محمد شفیق مراد آبادی
مطبع	:	ڈائمنڈ پرنٹرز دہلی
ناشر	:	نصرت ناہید لائبریرین و سکریٹری امیر الدولہ پبلک لائبریری، قیصر باغ لکھنؤ، یوپی
تعداد کتب	:	۵۰۰
سال اشاعت	:	جنوری ۲۰۰۰ء
قیمت	:	=/100 (سو روپے)

فہرست مخطوطات

عربی

فارسی

اردو

پیش گفتار

میرے لئے یہ نہایت خوشی کا مقام ہے کہ امیر الدولہ پبلک لائبریری کی طرف سے عوام اور محقق حضرات کے لئے مخطوطات کی ایک فہرست شائع کی جارہی ہے جسے وہ اپنے موضوعات کے مطابق کام میں لاسکیں گے، چاہے وہ ان مخطوطات یا ان کے موضوعات پر کوئی مقالہ تحریر فرمائیں یا مجسم کتاب یا کوئی تبصرہ، یہ فہرست مخطوطات اُن کو ہمیشہ کسی نہ کسی حد تک حوالہ جات کا کام سر انجام دے گی۔

یوں تو یہ ان مخطوطات کی فہرست ہے جو امیر الدولہ پبلک لائبریری کے شعبۂ مخطوطات میں محفوظ ہیں مگر اس فہرست میں ہر مخطوطہ سے متعلق دس سوالات قائم کئے گئے ہیں اور پھر ہر سوال کے تحت اس کا تسلی بخش اور حتمی جواب دیا گیا ہے۔ یہ کوئی تن آسانی کا کام نہ تھا۔ ۷۱ عدد، مخطوطات کو ایک ایک کر کے بہ نظرِ غائر مطالعہ کیا گیا اور تب جا کر یہ فہرستِ مخطوطات مرتب ہو سکی۔

نہایت ہی ادب واحترام سے عرض کر رہی ہوں کہ میں نے مختلف حضرات کو اس کام کو انجام دینے کے مواقع فراہم کئے مگر انھوں نے ایک دو دن کام کر کے راہِ فرار اختیار کرنے میں ہی اپنی عافیت سمجھی، ہاں چلتے چلتے اُن لوگوں نے یہ ضرور ارشاد فرمایا کہ: نئی کتاب لکھنا یا کسی بھی کتاب کا ترجمہ کرنا زیادہ آسان ہے اور منافع بخش بھی بہ نسبت اس جاں گسل خدمت کے، اس کے لئے ہم ایک عمر اور لکھوا لائیں تب آپ کی خدمت میں حاضر ہو جائیں گے۔

یہ جملہ معترضہ نہیں بلکہ حقیقت ہے کہ آج کے زمانے میں، عربی، فارسی اور اردو پر مکمل دسترس رکھنے والے باصلاحیت افراد کا قحط ہے۔ یہ کام قدرت الٰہی کی طرف سے ڈاکٹر، صوفی، محمد شفیق صاحب مراد آبادی مدظلہ العالی کے ہاتھوں انجام پذیر ہونا تھا، چنانچہ ہوا اور خوب ہوا، صوفی صاحب واقعی عملی آدمی ہیں، انھوں نے نہایت خاموشی اور جاں فشانی کے ساتھ یہ خدمت انجام دی اور اس لئے انجام دی تاکہ خود ہم اور ہمارے ساتھ ہماری ہونہار نسل اور آنے والی نسل بھی اس سے استفادہ حاصل کرتی رہے۔ میں اپنے ہر دل عزیز کمشنر کی طرف سے اور خود اپنی طرف سے بھی اُن کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔

یہ مخطوطات جن کی فہرست پیش نظر ہے، تین زبانوں پر مشتمل ہیں: (۱) عربی (۲) فارسی (۳) اُردو۔ تینوں زبانوں کے ملے جلے موضوعاتِ مخطوطات مختصراً اس طرح ہیں علم ہیئت، علم نجوم، علم ریاضی، علم کیمیا، علم تاریخ، علم سوانح علم مذہب، علم مناظرہ، علم منطق، علم فلسفہ، علم موسیقی، علم کلام، علم فقہ، علم لغات، علم معاشیات، علم تنقید، علم عملیات، علم طب، علم قیافہ، علم رمل، علم جفر، علم خود شناسی، علم تصوف، علم عرفان و آگہی، اس کے علاوہ علم شاعری، اور علم انشاء وغیرہ وغیرہ۔

اس کام کی افادیت واہمیت اس وجہ سے بھی ہے کہ یہ مخطوطات نہایت قدیم ہیں۔ حقیقی اور نادر نسخہ جات بھی اس لائبریری میں موجود ہیں اس کے علاوہ ۲۸۵ سال پہلے کا ایک مخطوطہ تو نایاب و بیش قیمت ہے، ایک بات یہ بھی عرض کر دوں کہ جن مخطوطات پر شہنشاہوں، بادشاہوں، سلاطین، نوابین، شہزادگان، ولی عہدوں، مہاراجوں، راجاؤں، جاگیرداروں، اور تعلقہ داروں کی مہریں ثبت ہیں، وہ نمبر موجودات اور تاریخہائے وصولیابی کی مہریں ہیں، اُن سے مخطوطات کی قدامت کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا، جب کہ کہیں کہیں ایسا بھی ہے کہ کسی افسر کتب خانہ یا کتب خانے کے منشی نے اپنے قلم سے مخطوطہ کا نام تحریر کر دیا ہے جبکہ وہ نام مخطوطہ کا نام نہیں ہے اور

اُس سے یا اُن سے بھی اغلاط سر زد ہوئی ہیں۔ لہٰذا یہ بات پیش نظر رکھنی ہوگی کیونکہ مخطوطہ کا سن تحریر کچھ اور ہے اور وصولی مخطوطہ کے اندراج کی تاریخ کچھ اور۔ لہٰذا مخطوطہ کی اہمیت کا اندازہ اس سے لگانا چاہئے کہ وہ کون سے زمانے میں تحریر کیا گیا اور کس موضوع پر تحریر کیا گیا۔

اب میں صدق دل سے، سابق کمشنر لکھنؤ محترم اڑن کمار مصر اصاحب کی مساعی جمیلہ کا شکریہ ادا کرنا بھی اپنا فرض منصبی سمجھتی ہوں جن کا مرحلہ وار تعاون میرے ساتھ ہمیشہ رہا، جب جب بھی میں نے حکومت ہند سے مراسلت کی تو انھوں نے نہایت خندہ پیشانی سے میرا ساتھ دیا اور میری ہمت افزائی فرمائی، تب کہیں جاکر حکومتِ ہند کی طرف سے مخطوطات پر کیمیائی عمل کرنے کے لئے، تحفظ مخطوطات کے لئے اور اشاعتِ مخطوطات کے لئے ایک مخصوص رقم منظور و فراہم ہوئی جس کے سبب یہ کارِ لائقہ انجام پذیر ہوا ہمارے موجودہ کمشنر لکھنؤ محترم سور بھ چندر اصاحب بھی نہایت درجہ تعمیری نقطۂ نظر رکھنے والے، ہوش مند، کار ساز اور لائبریری کے لئے مفید ثابت ہو رہے ہیں۔ میں اُن کی بھی حتی المقدور شکر گذار ہوں۔

نصرت ناهید

لائبریرین و سکریٹری

امیر الدولہ پبلک لائبریری، قیصر باغ، لکھنؤ، یوپی / بھارت

مورخہ ۲۷/ جنوری ۲۰۰۰ء

عربی

(۱) نام کتاب : **آیات بینات**

مصنف : نامعلوم

زبان : عربی

فن : فی فن المواعظ

مطبوعہ ر قلمی : قلمی

صفحات : ۵۷

سائز : ساڑھے اُنتیس × بیس سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۴۰۲

صفحۂ اول : عنوان: آیات بینات وعظات طیبات

الاولی حکم نظریة بینة او مبنیة والاخری حکم......

جائزہ : یہ رسالہ جس کا نام جلد بندی میں آیات بینات شائع ہو کر آیا ہے دراصل کتاب کا نام نہیں بلکہ عنوان ہے۔ مکمل عنوان اس طرح ہے' آیات بینات وعظات طیبات۔ یہ کتاب مواعظ کے ۱۰۰ عنوانات پر مبنی ہے، جس کی فہرست اس میں دی گئی ہے مگر اس کے مواعظ حسنہ عنوانات کے مطابق موجود نہیں، ایک بات یہ کہ اس کتاب کا نام موجود نہیں کیونکہ صفحات شروع میں ہیں ہی نہیں، جس میں مصنف کا نام اور کتاب کا نام ہوتا۔ یہ مذہبی کتاب ہوتے ہوئے بھی اس میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے آغاز نہیں، تو دلیل یہ قائم ہوئی کہ آغاز کے صفحات جس میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے کتاب شروع کی گئی تھی وہ غائب ہیں۔ پھر جلد بندی میں بھی غلطی کی گئی ہے موجودہ صفحات میں ایک صفحہ کے بعد چھ نمبر کا صفحہ آجاتا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ کسی امیر کی فرمائش پر کسی بہترین کاتب نے مختلف کتابوں سے اخذ کر کے یہ رسالہ تیار کیا ہے۔ عملیات بھی مذکور ہیں، ایک مہر ملک امیر الدولہ خادم حسین خاں بہادر جنگ کی ہے۔

❖❖❖❖❖

(۲) نام کتاب : **اَلشَرحُ اللّمْعہ**

مصنف : زین الدین العاملی

زبان : عربی

فن : تشریح وتفسیر

مطبوعہ ر قلمی : قلمی

صفحات : ۲۰۷

سائز : ساڑھے بیس × ۱۲ سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۴۳

صفحۂ اول : بسم اللہ الرحمن الرحیم. بعد حمد رب العالمین وصلی اللہ علی خیر خلقه......

جائزہ : 'اللمعہ'' عربی کی مشہور کتاب، جس کا سنہ تصنیف اس کتاب سے معلوم نہیں ہو سکا اور نہ مصنف کا نام اس سے واضح ہو سکا۔ اس کے علاوہ شارح اللمعہ کا نام تو واضح ہے مگر اس کا سال تصنیف کہیں نہیں ملا۔ اس شرح میں اسلام کے ارکان، عبادات اور اس سے متعلق اصول و قواعد واصطلاحات سے روشناس کیا گیا ہے، کاتب نے یہ نسخہ نہایت جلدی میں نقل کیا ہے اس وجہ سے خط خوشخط اور مقبولِ نظر بھی نہیں ہے۔ قلمی مسودہ ضرور ہے مگر کسی قلمی نسخہ سے نقل کیا گیا ہے، جس کا حوالہ نہیں ہے۔ کتاب نامکمل، بوسیدہ، مرمت شدہ، جگہ جگہ مطالب وعنوانات و پیراگراف پر کاغذ چسپاں، صفحات غائب، اس کتاب کے قدیم ہونے

میں کچھ شک نہیں مگر اس پر کسی نواب یا جاگیرداریاان کے کسی کتب خانہ کی مہر ثبت نہیں ہے۔

(۳) نام کتاب : **برھانُ الأسطرلاب**

مصنف : ابو حامد بن محمد بن الحسین الصغانی

زبان : عربی

فن : علم ہیئت (ASTRONOMY)

مطبوعہ / قلمی : قلمی، خط نستعلیق، خفی

صفحات : ۴۹

سائز : ساڑھے اُنیس × گیارہ سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۹۳

صفحۂ اول : **رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر. کتاب فی کیفیته تسطیح الکرۃ علی سطح الاسطرلاب علی إن تسکل فیه نقطه وخطوط مستقیمة ودوائر**

جائزہ : دہلی ۱۱۳۸ھ ماہ رجب کی تاریخ کتاب کے آخری صفحہ پر مندرج ہے، حاشیہ پر مقررہ محررہ تاریخ، مرمتِ کتاب کی وجہ سے چھپ گئی ہے جناب فخرالدین احمد خاں کے والد عبدالرحیم خاں کی اس پر مہر ثبت ہے جس پر ۱۱۹۹ہجری تحریر ہے، اس پر فخرالدین احمد خاں کی بھی مہر ثبت ہے جس میں ۱۲۰۰ہجری تحریر ہے۔ بعدہ، اس کے نوابین کی مہریں ہیں۔ ۱۲۴۴ہجری میں سلیمان جاہ کی، ۴/صفر ۱۲۶۲ہجری میں سلطان امجد علی شاہ کی، ۱۲۶۴ہجری میں واجد علی شاہ سلطان عالم کی مہر ثبت ہے۔

اس میں فن ہیئت (ASTRONOMY) کے دوائر، خطوط، نقطے وغیرہ اور ہیئت کی اصطلاحات سے بحث کی گئی ہے، اور خط و شکل کے نمونے بھی دیے گئے ہیں۔

❖❖❖❖❖

(۴) نام کتاب : **تھذیب درعلم منطق**

مصنف : مولوی عبدالباسط

زبان : عربی

فن : منطق

مطبوعہ / قلمی : قلمی

صفحات : ۱۰۹

سائز : ساڑھے چودہ × تیئیس سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۹۴

صفحۂ اول : **بسم اللہ الرحمن الرحیم. الحمد للہ الذی ھدانا سواء الطریق وجعلنا التوفیق......**

جائزہ : ۹ صفحات پر کتاب کا مقدمہ درج ہے جس میں عنوانات اور باب الکتاب قائم کیے گئے ہیں ۱۰ویں صفحے سے اصل کتاب شروع ہوتی ہے جو ۱۰۰ صفحات پر پھیلی ہوئی ہے۔ گویا کتاب کے کل صفحات ۱۰۹ ہیں، یہ دینِ اسلام کے فلسفہ و منطق کے فن پر ہے۔ اس کتاب کی تدوین اصلاً تو ۷/محرم الحرام ۱۱۷۲ھ درج ہے مگر صاحب تصنیف مولوی عبدالباسط کی اس منطق سے متعلق کتاب کو ۲۳/ربیع الثانی ۱۲۳۴ہجری کو مخدوم بخش کاتب نے اس قلمی نسخہ کو کتابت کیا ہے۔ اور کتاب کے شروع میں مولوی عبدالباسط ابن رستم علی ابن علی اصغر کو زبدۃ الاولاد القطب الربانی المحبوب السجانی مجدد الف الثانی قدس اللہ سرّہ سرہندی سے منسوب کیا ہے۔

یہ منطق کے لئے سود مند ہے، عربی کے طلباء کے لئے ایک خاص مضمون منطق ہوتا ہے۔ اس میں رہبر و معاون ہے۔



عربی کا مخطوطہ ''برہان الاسطرلاب'' کا سرورق
شاہان اودھ کے کتب خانوں کی مہروں کے ساتھ



فارسی مخطوطہ ''تاریخ سعادت'' کا سرورق
شاہان اودھ کے کتب خانوں کی مہروں کے ساتھ



پالی زبان میں ایک قدیم مخطوطہ



صحیفہ سجادیہ کا پہلا اور دوسرا صفحہ (مخطوطہ) ۱۲۷۴ھجری

(۵) نام کتاب : رسالة الدقائق فی مراة الحقائق

مصنف : نامعلوم

زبان : عربی

فن : حدیث

مطبوعہ / قلمی : قلمی

صفحات : ۱۴۱

سائز : چوبیس × ساڑھے تیرہ سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۶۱

صفحۂ اول : علی ذلك مارواه احمد بن محمد بن علی بن الحکم عن ابی ایوب الخزار عن محمد بن مسلم.....

جائزہ : اس کتاب کا نام جو مذکور ہوا ہے۔ وہ آغاز یہ صفحات سے لیا گیا ہے۔ مگر یہ صفحات کتاب میں موجود نہیں ہیں۔ آخر کے صفحات بھی غائب ہیں۔ خط اتنا خوشخط ہے کہ لاجواب کہا جاسکتا ہے۔ اس میں مسائل شرعیہ کے عنوانات قائم کرکے، احادیث رسول اکرم ﷺ بیان فرمائی گئی ہیں۔ منقول کرنے والے صحابۂ کرام ہیں۔ اس کتاب کے آخر میں جو مہریں ثبت ہیں وہ سلیمان جاہ کی اور اس پر تاریخ ۱۲۴۴ ہجری کی اور واجد علی شاہ سلطان عالم کی اور اس پر ۱۲۶۳ ہجری کی مگر اس پر ایک تحریر ۱۱۶۲ ہجری کی بھی تحریر ہے جس میں لکھا ہے کہ نور چشمی ابرار خاں مرید احمد علی نے بحضور فقیر از معرفت، حقائق آگاہ، میاں سید شہاب الدین جو برخورداری..... خرید نمو۔

بہر حال یہ اپنے قدیم ہونے کی بنا پر اور موضوعات کی وجہ سے نہایت وقیع اور اہم کتاب ہے، مگر نامکمل ہے۔

❖❖❖❖❖

(۶) نام کتاب : صحیفۂ سجادیہ

مصنف : مرزا محمد کاظم (مؤلف)

زبان : عربی

فن : وظائف

مطبوعہ / قلمی : قلمی

صفحات : ۴۱۸

سائز : ۲۱×۱۳ سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۴۷

صفحۂ اول : بسم الله الرحمن الرحیم حدثنا السید الاجل نجم الدین بهاء والشرف ابو الحسن.....

جائزہ : یہ مجموعۂ وظائف جسے صحیفۂ سجادیہ کا نام دیا گیا ہے اور جس کی تالیف مرزا محمد کاظم صاحب نے کی ہے نہایت عمدہ خط میں تحریر ہے۔ اور عربی کا خط تحریر بھی نہایت وقیع اور معیاری ہے۔ اسے نواب سید محمد مہدی علی خاں صاحب کی ذاتی تلاوت کے لئے تحریر کیا گیا جس کی اختتام تحریر کی تاریخ ۱۴ رمضان ۱۲۴۷ ہجری ہے۔ مگر سید محمد مہدی خاں بہادر کی مہر پر ۱۲۵۷ ہجری تحریر ہے۔ ممکن ہے ان کی مہر جب بنی ہو گی تو اس وقت ۱۲۵۷ ہجری ہو۔

❖❖❖❖❖

(۷) نام کتاب : کتاب الطهارت

مصنف : الحسن البصری

زبان : عربی

فن : فقہ (حنفی)

مطبوعہ / قلمی : قلمی

صفحات : ۳۲۲

سائز : تیئیس×اکیس سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۳۳

رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر.

صفحۂ اول : الحمد لله الذى انا برا فته منار الإسلام، هداية إلى الطريق الرشاد.........

جائزہ : کسی نواب کی اس پر مہر نہیں، کتاب کے آخری صفحات غائب ہیں، نہایت بوسیدہ نسخہ ہے۔ دیمک زدہ ہے اور ایک بار بٹر پیپر سے اس کی مرمت ہو چکی ہے۔ دین اسلام میں جو مسائل ازروئے شرع متین پیش آتے ہیں وہ حنفی عقائد کے مطابق تفصیل وشرح سے عربی میں سمجھائے گئے ہیں اور حواشی میں حوالہ جات دیے گئے ہیں۔ قیمتی معلومات درج ہیں مگر کتاب ختم ہو چکی ہے۔ اور جلد پر اس کتاب کا نام غلط چھپا ہوا ہے۔

❖❖❖❖❖

(۸) نام کتاب : نفیسی

مصنف : حکیم محمد ابوالحسن

زبان : عربی

فن : طب

مطبوعہ / قلمی : قلمی

صفحات : ۷۲۰

سائز : ساڑھے پندرہ×پچیس سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۵۲

رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر.

صفحۂ اول : توجهنا إلى جنابك الاقدس مامين الله يرجمع الامور وتعرضنا بشميم لطفك المقدس

جائزہ : نہایت اعلیٰ درجہ کا نسخہ ہے۔ لوح اور اس کے ساتھ کا صفحہ طلائی زیب زینت سے آراستہ ہے۔ خط عربی اس قدر عمدہ اور اعلیٰ پایہ کا ہے کہ تعریف و توصیف سے بالا ہے۔ ابھی تک اتنا عمدہ اور مرصع خط میرے سامنے فہرست کتب میں نہیں آیا ہے۔

طب کے فن پر "نفیسی،، بہترین اور فقید المثال کتاب ہے۔ اس نسخہ پر کسی نواب کی مہر ثبت نہیں ہے۔

❖❖❖❖❖

فارسی

(۱) نام کتاب : اقبال نامہ جہانگیری
مصنف : میر عبداللطیف قزوینی
زبان : فارسی
فن : تاریخ
مطبوعہ / قلمی : قلمی (خطِ شکست)
صفحات : ۳۴۰
سائز : ساڑھے بارہ × ساڑھے اٹھارہ سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۷۸
صفحۂ اول : شہریار خواہی بہار جاودانے بامر وعالم از فروغ......

جائزہ : شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر کے ذریعہ جو فتوحات ہوئیں ان کا سلسلہ سورت اور کھمبات تک پہنچا، یہ مہمات کیسے سَر ہوئیں۔ یہ اس تاریخ اقبال نامہ جہانگیری کا موضوع ہے بہترین خط شکستہ کی تحریر ہے۔ یہ کتاب نواب سلیمان جاہ اور نواب امجد علی شاہ کے ذاتی کتب خانوں کی زینت رہ چکی ہے۔ ان کی مہریں ثبت ہیں۔ بہت پرانا نسخہ ہے، اور اکبر کے عہد کا ہے۔

❖ ❖❖❖❖

(۲) نام کتاب : احوال فتح اٹاوہ
مصنف : محمد فیض بخش ابن غلام سرور ساکن قصبہ کاکوری (مؤلف)
زبان : فارسی
فن : تاریخ
مطبوعہ / قلمی : قلمی
صفحات : ۲۶۵
سائز : دس × ساڑھے سولہ سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۴۱۱

رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر

صفحۂ اول : ہرچند طوطی شکرین مقال خامہ را در برابر......

جائزہ : ۱۲۰۵ ہجری میں اس کی تدوین کی گئی، یہ نواب شجاع الدولہ کے اٹاوہ کی فتح کے واقعات پر مبنی ہے۔ نہایت خستہ اور دیمک زدہ حالت ہے۔

❖ ❖❖❖❖

(۳) نام کتاب : الرسالہ فی معرفتہ الاسطرلاب
مصنف : آیت اللہ المتخلص بہ ثنا
زبان : فارسی
فن : فن ہیئت (Astronomy)
مطبوعہ / قلمی : قلمی
صفحات : ۱۳۳

سائز : بیس × گیارہ سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۵۳
صفحۂ اول : امابعد برائے اصحاب بصیرت وارباب سریرت پوشیدہ نیست کہ علم......
تبصرہ : یہ رسالہ فن ہیئت (Astronomy) پر مبنی ہے اور فارسی میں ہے، اس کے مصنف نے ۷ر صفر ۱۲۰۷ ہجری کی تاریخ صفحہ ۱۱۸ پر درج کی ہے۔ کتاب پر کسی فخر الدین احمد خاں کے ذاتی کتب خانہ کی سیاہ روشنائی سے مہر ثبت ہے، اس رسالے میں موسم کی تبدیلیاں سعد ونحس ساعتیں اس کے علاوہ علم ہیئت میں جتنی اقسام ہیں سب اس میں درج کی ہیں۔ کافی عمدہ خط نستعلیق ہے، کچھ صفحات غلط جڑ گئے ہیں، دوبارہ جلد سازی کے وقت اس کی صورت صحیح کر دی جائے تو بہتر ہے۔

❖ ❖❖❖❖

(۴) نام کتاب : بیاض غزلیات
مصنف : (کلام مختلف الشعراء)، کاتب سرب سدھ رائے المتخلص بہ حقیر
زبان : فارسی
فن : بیاض شاعری، فارسی، غزلیات وریختہ اُردو
مطبوعہ ر قلمی : قلمی خط نستعلیق عمدہ
صفحات : ۲۴۰
سائز : ساڑھے بارہ × چھبیس سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۹۵
صفحۂ اول : غزل سعدی
وقتی طرب خوش یافتم آن دلبر طناز را......
جائزہ : ۹ر فروری ۱۸۵۰ء (۲۵ر ربیع الاولی ۱۲۶۶ ہجری) کو کاتب سرب سدھ رائے تخلص بہ حقیر نے کنور دھپت رائے پسر راجہ الفت رائے کی خدمت میں اُن کی فرمائش پر یہ بیاض غزلیات مرتب کر کے اُن کی خدمت میں پیش کی، صاحب تحریر خود بھی شاعر ہے اور اُس کی ایک غزل فارسی میں حقیر تخلص کے تحت اس بیاض میں درج ہے، سعدی حافظ، عرفی وغیرہ فارسی شعراء کے منتخب کلام اس میں موجود ہیں بہت ہی خوش خط نسخہ ہے۔

❖ ❖❖❖❖

(۵) نام کتاب : تاریخ الفی
مصنف : نقیب خاں
زبان : فارسی
فن : تاریخ
مطبوعہ ر قلمی : قلمی خط نستعلیق
صفحات : ۵۳۸
سائز : ساڑھے تیئیس × پینتیس سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۸۹
صفحۂ اول : قتل اُو نمودند آخر الامر او ترک سلطنت نمودہ، رہبانیت اختیار کرد......
جائزہ : یہ تاریخ، تاریخ الفی کے نام سے موسوم ہے اس میں ایک ہزار سال کی تاریخ جستہ جستہ بیان کی گئی ہے۔ یہ اسلامی ممالک وسلاطین کے ذکر سے لبریز ہے۔ اس کے شروع کے صفحات گم شدہ ہیں۔ آخر کے صفحات بھی غائب ہیں اس پر نوابین

اودھ کی مہریں ثبت ہیں ۱۲۳۷ہجری کی تاریخ پہلے صفحہ پر رقم ہے۔

❖ ❖❖❖❖❖

(۶) نام کتاب : تاریخ الفی دفتر دوم

مصنف : نقیب خاں

زبان : فارسی

فن : تاریخ

مطبوعہ رقلمی : قلمی (نسخۂ خطِ نستعلیق)

صفحات : ۱۲۸۴

سائز : بائیس × تینتیس سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۹۰

رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر

صفحۂ اول : تذکرہ واقع سال پانصد وکیم زدست......

جائزہ : ایک ہزار سالہ تاریخ اسلام وملوک وسلاطین اسلام پر یہ تاریخ مبسوط روشنی ڈالتی ہے، تاریخ کافی پرانی ہے، نوابین اودھ کے علاوہ بھی ایک مہر سیاہ کسی بادشاہ کی ہے جو پڑھی نہیں جا رہی ہے۔ سلیمان جاہ بہادر کی مہر، امجد علی شاہ کی مہر، واجد علی شاہ کی مہر، اس کے علاوہ داخل دفتر ہونے کی تاریخیں ۱۱۸۲ہجری، ۱۲۳۷ہجری ماہ رمضان، اور ۶رربیع الاول ۱۲۶۲ہجری کی مندرج ہیں۔ نسخہ خط نستعلیق کا اچھا نمونہ ہے۔ آخری اوراق کچھ کم ہیں۔

❖ ❖❖❖❖❖

(۷) نام کتاب : تاریخ عالم آرا (جلد اول)

مصنف : عبدالواحد

زبان : فارسی

فن : تاریخ

مطبوعہ رقلمی : قلمی

صفحات : ۹۰۰

سائز : ساڑھے چوبیس × تیرہ سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۴۹

صفحۂ اول : الہ مکین ومکانِ اوسیز دبعالم جزاو ہرچہ پیدا بود......

جائزہ : یہ تاریخ، آدم علیہ السلام سے آغاز ہو کر حضور نبی اکرم ﷺ تک احاطہ کرتی ہے۔ اس کا قلم خطِ نستعلیق سے مزین ہے۔ یہ پہلا حصہ داخل دفتر بتاریخ ۶رربیع الاول ۱۲۶۲ہجری کو کیا گیا ہے۔ اس پر نواب امجد علی شاہ اور سلیمان جاہ کی مہر ثبت ہے۔

❖ ❖❖❖❖❖

(۸) نام کتاب : تاریخ سعادت

مصنف : منشی امام بخش بیدار

زبان : فارسی

فن : منظوم تاریخ، (مثنوی)

مطبوعہ رقلمی : قلمی

صفحات : ۱۴۷

سائز : ساڑھے تیرہ × ساڑھے تیکیس سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۵۹

رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر......

صفحۂ اول : این کتاب موسوم بتاریخ سعادت تصنیف فقیر حقیر سراسر تقصیر منشی امام بخش المتخلص بہ بیدآر......

جائزہ : کتاب تاریخ سعادت منظوم بہ طرز مثنوی نامکمل ہے۔ باب در احوال روزگار خود مکمل نہیں ہے۔ آخری باب در خاتمہ کتاب تاریخ سعادت گوید... بھی غائب ہے۔ کتاب کے کل ۱۴۷ صفحات موجود ہیں باقی صفحات جن کے آخر میں تالیف و تصنیف کی تاریخ مندرج ہے غائب ہیں۔ صرف نوابین کی مہروں سے اتنا پتہ چلتا ہے کہ یہ کتاب ۳۲، ۳۳، ۱۲، ہجری میں داخل دفتر ہوئی، ۱۲۳۵ ہجری کی اور ۱۲۴۴ ہجری کی مہریں بھی ثبت ہیں۔ ۵ ربیع الاول ۱۲۶۲ ہجری کو ۱۰۳ نمبر پر بھی مندرج ہے۔ کتاب کے ایک گوشہ میں در تحویل ۱۲۳۲ ہجری میں ایک مہر ہے نام کاتب کا درج ہے۔

اس کتاب کا موضوع سوانح ہے، جیسے شذرات کے نمونے پر نثر لکھی جاتی ہے، اسی انداز میں منظوم شذرات، مثنوی کی شکل میں نظم کئے گئے ہیں۔ بیدار قادر الکلام شاعر ہیں۔ اور فن شاعری پر خصوصاً مثنوی پر عبور حاصل ہے۔

❖❖❖❖ ❖

(۹) نام کتاب : تاریخ سلطان محمد قطب شاہ

مصنف : میرزا محمد امین

زبان : فارسی

فن : تاریخ نویسی

مطبوعہ رقلمی : قلمی بخط نستعلیق عمدہ

صفحات : ۲۷۲

سائز : ساڑھے اٹھارہ × اکتیس سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۸۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم در نستعین

صفحۂ اول : تحمیدی کہ شاہ باز بلند پرواز اندیشہ مباحت کبریائی آن طیران نتواند......

جائزہ : اس تاریخ پر جس کا نام تاریخ سلطان محمد قطب شاہ ہے، کسی نواب یا کسی بادشاہ کی مہر نہیں ہے۔ مگر یہ نہایت جامع تاریخ ہے اور حیدر آباد کے سلاطین سے متعلق ہے، خط تحریر نہایت عمدہ ہے۔ سلطان محمد قطب شاہ کے شہزادگان اور ان کے آباؤ اجداد کا ذکر شرح و بسط سے کیا گیا ہے، واقعات نگاری میں اختصار سے کام لیا گیا ہے۔ دکن سے متعلق نہایت قیمتی نسخہ ہے اور شاید دکن کے شاہی کتب خانہ سے یہاں تک پہنچا ہے، آخر کے صفحات غائب ہیں جس پر ہو سکتا ہے مہریں ثبت ہوں اور اسی وجہ سے غائب کئے گئے ہوں تا کہ سراغ نہ لگ سکے۔

❖❖❖❖ ❖

(۱۰) نام کتاب : تاریخ فرشتہ

مصنف : محمد قاسم المعروف فرشتہ

زبان : فارسی

فن : تاریخ

مطبوعہ / قلمی : قلمی خطِ نستعلیق

صفحات : ۱۲۰۰

سائز : ساڑھے تیئیس × ساڑھے اتنالیس سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۵۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صفحۂ اول : پیش وجود ہمہ آئیند کان پیش بقائی ہمہ پائندگان قافلہ سالار جہاں......

جائزہ : یہ تاریخ، پوری دنیا میں تاریخ کی کتابوں میں اپنا اہم مقام رکھتی ہے اور تاریخ فرشتہ کے نام سے موسوم ہے، اس کی ۲ فصلیں اسی ایک جلد میں موجود ہیں، نہایت اہم اور قیمتی نسخہ ہے، فتوحات اسلامیہ اور سلاطین کا اس میں ذکر ہے اور خود مصنف ایک سیاح ہے۔

اس پر کسی نواب کی مہر نہیں ہے۔ جس شخصیت نے یہ عطیہ لائبریری کو دیا ہے اس کا نام بھی کہیں مذکور نہیں۔

❖ ❖❖❖❖❖

(۱۱) نام کتاب : تحفۃ الاحباب فی بیان الانساب

مصنف : محمد خلیل اللہ انصاری فرنگی محلی

زبان : فارسی

فن : انساب (نسب نامۂ فرنگی محل)

مطبوعہ / قلمی : قلمی

صفحات : ۴۹

سائز : ساڑھے بیس × تینتیس سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۰۰۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صفحۂ اول : الحمد للہ الذی خلق الموجودات وانطق الانسان وبدر عجائب المخلوقات......

جائزہ : جناب محمد خلیل اللہ انصاری فرنگی محل نے ۱۳۰۵ ہجری میں اپنے خاندان کے متعلق شجرہ نویسی کا انداز اختیار کر کے یہ تالیف کی ہے۔

خطِ نستعلیق ہے فرنگی محل کے علماء کرام فرنگی محلی کیوں کہلائے اس کی وجہ تسمیہ بھی تحریر ہے۔ سنہ ہجری کے حساب سے یہ قلمی مخطوطہ ایک سو پندرہ (۱۱۵) سال قدیم ہے۔ اس پر کسی نواب کی مہر ثبت نہیں۔ یہ کتاب کسی ذاتی کتب خانہ سے لائبریری میں منتقل ہوئی ہے۔

❖ ❖❖❖❖❖

(۱۲) نام کتاب : تحفۃ النادرین

مصنف : محمد سعید

زبان : فارسی

فن : انشائے لطیف بہ زبان فارسی (داستانیں، قصے، واقعات)

تحریر : خطِ نستعلیق

مطبوعہ / قلمی : قلمی

صفحات : ۲۷۶

سائز : گیارہ × ساڑھے اٹھارہ سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۴۰۰

آغاز عبارت : بسم اللہ الرحمن الرحیم

جہان جہاں بنالش جہاں داری را......

جائزہ : کتاب کہیں یوسف زلیخا کی حکایت ہے، کہیں تان سین سے متعلق حکایت ہے گویا یہ مختلف حکایتوں کی کتاب ہے جسے انشائے لطیف سے سجایا گیا ہے۔ کتاب کی حالت خستہ ہے، اس کی مرمت غلط انداز سے کی گئی ہے، دیمک زدہ بھی ہے، مجھے یہ قدیم نسخہ بہ عہد اورنگ زیب عالمگیر کا لگا کیونکہ کتاب کے آخر میں مولف نے ابو المظفر حضرت بادشاہ اورنگ زیب بہادر عالمگیر خلد اللہ وملکہ وسلطانہ کی عبارت سے مزین کرتے ہوئے اس کی تاریخ تالیف ۱۰۹۹ھ تحریر کی ہے۔ گویا یہ ۳۲۱ سال پرانی کتاب ہے۔
اصل کتاب کو جس کاتب نے نقل کیا ہے اُس نے اپنا نام اس طرح تحریر کیا ہے۔

نسخۂ نادرہ بخط محمد سعید اتمام شد، تمام زکار من نظام شد

مجھے اس کتاب کا نام تحفۃ النادرین کتاب کی مصنف یا مولف کے ہاتھوں کا نہیں ملا، البتہ نوابین اودھ کی مہریں آخر کتاب میں اور شروع کتاب میں ثبت ہیں جس میں نواب امجد علی شاہ کی مہر صاف ہے جس میں ۱۲۳۱ ہجری تحریر ہے، اس کتاب کے حاشیہ پر محمد بیگ نے تحفۃ النادرین تحریر کیا ہے، یہ نسخہ بہ اہتمام محمد بیگ کتب خانے میں داخل کیا گیا ہے، اسی نے ۱۲۳۱ ہجری کی تاریخ ڈالی ہے۔

❖❖❖❖ ❖

(۱۳) نام کتاب : تحفۃ المومنین
مصنف : محمد عبدالمومن حسینی
زبان : فارسی
فن : طب یونانی
تحریر : نستعلیق
مطبوعہ / قلمی : قلمی
صفحات : ۶۳۴
سائز : بیس × تینتیس سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۴۰
صفحۂ اول : رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر
جائزہ : سبحانك اللهم بالقدوس وبالطيب النفوس

یہ کتاب حکیم محمد مومن حسینی نے ترتیب و تدوین کی ہے۔ انکے والد بھی حاذق حکیم تھے جن کا ذکر میر محمد زماں کے نام سے صاحب تالیف نے کیا ہے۔ نوابین اودھ میں سلیمان جاہ کی خدمت میں یہ نسخہ پیش کیا گیا ہے مگر اس پر کسی نواب کی مہر ثبت نہیں ہے۔ کتاب دیمک زدہ ہو چکی ہے۔

❖❖❖❖ ❖

(۱۴) نام کتاب : تذکرۃ الدولت شاہی (تذکرۂ شعرائے فارسی)
مصنف : دولت شاہ سمرقندی
زبان : فارسی
فن : فارسی شاعری
مطبوعہ / قلمی : قلمی، بہت ہی خوش خط، خفی قلم، خط نستعلیق
صفحات : ۲۹۰

سائز : ساڑھے بیس × پندرہ سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۴۱
صفحہ اول : **بسم اللہ الرحمن الرحیم**
تحمیدی شاہباز بلند پرواز اندیشہ بساحت وفضا کبری ان طیران نتواند نمود......

جائزہ : یہ تذکرہ شعرائے فارس کا ہے، نسخہ بہت ہی قدیم ہے، مگر جگہ جگہ سے بوسیدہ ہے، مرمت ناکافی ہے۔
سلیمان جاہ کی مہر ۱۲۴۴ہجری، نواب امجد علی شاہ کی مہر اور نواب واجد علی شاہ کی مہر ثبت ہے۔ ربیع الاول ۱۲۶۲ہجری میں داخلہ کی رپورٹ سیاہ قلم سے کتب خانہ کے منشی صاحب کی ہے۔
استاد عنصری، فردوسی، فرخی، عمعق بخاری وغیرہ وغیرہ شعراء کا ذکر اور اُن کی ادبی شناخت اس میں کی گئی ہے۔ ۲۵۰ شعراء سے زیادہ کی فہرست کتاب میں موجود ہے۔

❖❖❖❖❖

(۱۵) نام کتاب : **تواریخ قندھار**
مصنف : سید نجف علی (کاتب الحروف)
زبان : فارسی
فن : تاریخ نویسی
مطبوعہ رقلمی : قلمی بہ خطِ نستعلیق
صفحات : ۲۷۰
سائز : ساڑھے تیرہ × ساڑھے اکیس سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۴۲
صفحہ اول : دو کس بقرب اُو کشتہ شدند و پنج کس بی انکہ......

جائزہ : میرزا کامران مغل کے کوچ فرمانے اور وقتی طور پر عیش باغ نزول فرمانے کے ذکر سے واقعہ نگاری کا آغاز ہوتا ہے، شروع کے صفحات غائب ہیں، ہمایوں بادشاہ اور بابر کے مذکورات تاریخ قندہار میں موجود ہیں اور پھر جملہ لواحقین وسرداران کا بھی ذکر ہے از انجملہ مہابت خاں وغیرہ۔
نہایت عمدہ خطِ نستعلیق کا نسخہ ہے، نوابین اودھ کی مہریں ثبت ہیں۔

❖❖❖❖❖❖

(۱۶) نام کتاب : **توزوکِ تیموری**
مصنف : عباداللہ ابن حاجی محمد امین
زبان : فارسی
فن : سوانح نگاری
مطبوعہ رقلمی : قلمی
صفحات : ۱۰۶
سائز : گیارہ × ساڑھے بیس سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۶۷
بسم اللہ الرحمن الرحیم الملک اللہ رستیر رستر
صفحہ اول : فرزندان ملک کیر کامکار وبنا بر ذوی القدر ملک دار کا معلوم او......

جائزہ : ۱۱۰۹ہجری میں عباد اللہ ابن حاجی محمد امین نے تیمور کے وقائع اور سوانح اس کتاب میں تحریر کئے ہیں۔ اس کا نسخہ بہت پرانا ہے اور بیش قیمت ہے۔ کتاب خط نستعلیق کا بہترین نمونہ ہے۔ اس پر نوابین اودھ کی تین مہریں ثبت ہیں۔ پہلی مہر سلیمان جاہ کی، دوسری امجد علی سلطان کی تیسری نواب واجد علی شاہ کی۔ ۱۱۹۷ہجری کی مہر، ۱۲۳۱ہجری کی مہر، نمبر ۲۰۳ بہ اہتمام محمد بیگ تحریر ہے۔ صفحہ آخر پر بھی نوابین اودھ کی مہریں ثبت ہیں۔

❖❖❖❖❖

(۱۷) نام کتاب : تفسیر حسینی

مصنف : حسین کاشفی

زبان : فارسی

فن : تفسیر قرآنی، فارسی میں، عربی سے

تحریر : خط نستعلیق

مطبوعہ رقلمی : قلمی

صفحات : ۱۵۷۹

سائز : ساڑھے ستائیس × ساڑھے پندرہ سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۸۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صفحہ اول : اعوذ، پناہ می گیریم والتجای نمائیم......

جائزہ : یہ قرآن کی تفسیر فارسی میں ہے، اس کا سال تصنیف ۱۰۹۰ہجری ہے، گویا یہ ۳۳۰سال پرانی کتاب ہے۔ اس کا مصنف حسین کاشفی ہے پہلا صفحہ طلائی حسن کاری سے مزین کیا گیا ہے، یہ قرآن کے ۳۰پاروں کی مکمل تفسیر ہے، خط نستعلیق اس قدر عمدہ اور خفی ہے کہ تعریف نہیں کی جا سکتی کتاب میں جگہ جگہ دیمک لگ رہی ہے۔

میں نے اس تفسیر کا اُردو ترجمہ بھی دیکھا ہے مگر جو بات اور انداز فارسی طرز بیان کا ہے وہ اس میں کہاں، سرخیاں عربی میں قائم کی گئی ہیں جس میں سرخ روشنائی استعمال کی گئی ہے۔

❖❖❖❖❖

(۱۸) نام کتاب : جواباتِ اعتراضاتِ آرزو

مصنف : حکیم بیگ خاں حاکم

زبان : فارسی (شاعری)

فن : ادب فارسی (نثر میں بحث اور حاکم کے اشعار)

مطبوعہ رقلمی : قلمی

صفحات : ۲۰

سائز : بائیس × تیرہ سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۳۸

صفحۂ اول : رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر
بعد حمد خداوندی کہ ذات مقدسش از جمیع نقائص مبرا......

جائزہ : حاکم شاعر کے اشعار ہیں۔ اور اس پر سراج الدین علی خاں آرزو کے استدلال واعتراضات پر جواب۔ زین الدین احمد خاں کی مہر ثبت ہے۔ سنہ ءہزار وصد وہفت وسہ ہجری حاکم نے تحریر کی ہے۔ قدیم زمانے میں سخن فہم حضرات ابیات واشعار پر

بحث کیا کرتے تھے۔ چنانچہ حاکم کے اشعار پر جو اعتراضات کئے گئے ہیں اس کے جوابات اس رسالے میں موجود ہیں۔

❖❖❖❖❖❖

(۱۹) نام کتاب : حلیۃ المتقین
مصنف : عبدالصمد خراسانی و مولانا آخوند الا صفحانی
زبان : فارسی
فن : حدیث
مطبوعہ رقلمی : قلمی بہ خط نستعلیق جلی
صفحات : ۶۴۰
سائز : چھبیس×سترہ سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۹۴

رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر

صفحۂ اول : **الحمد للہ الذی حلی انبیاء المرسلین باحسن حلیۃ المتقین وبعث......**

جائزہ : حسب الفرمائش محمد بلال علی خاں صاحب، مرزا احمد کاتب نے اس کو نقل کیا، نقل کرنے کے بعد، یکم ذیقعدہ ۱۲۴۷ ہجری کی تاریخ ثبت کی، نواب اودھ کی مہر ۱۲۵۲ ہجری ثبت ہے، محمد بیگ منشی نے موجودات میں داخل دفتر کی ہے نواب امجد علی شاہ کی مہر ثبت ہے، یہ کتاب اثنائے عشریہ یعنی اہل بیت حضرات کے عقائد کی ہے، جس میں امامین کے قول نقل کئے گئے ہیں۔

❖❖❖❖❖❖

(۲۰) نام کتاب : خلاصۃ التواریخ
مصنف : سور جان سنگھ (سبحان سنگھ) بٹالوی
زبان : فارسی
فن : تاریخ
قلمی رمطبوعہ : قلمی (خط شکستہ)
صفحات : ۳۶۴
سائز : اُنتیس×سترہ سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۷۱

صفحۂ اول : ھوالأمر، یکی از حاجبان درگاہ حمدیت را بخلعت بشری مخلع کردابندہ.........

جائزہ : سبحان سنگھ مصنف خلاصۃ التواریخ نے مختلف تواریخ کی کتابوں کا خلاصہ اس میں بیان کیا ہے۔ ۱۱۹۹ ہجری ۴ ربیع الاول کی تاریخ مذکور کی ہے۔ محمود غزنوی سے لے کر شہزادہ دار اشکوہ تک کے حالات و سوانح و اس زمانے کی تصنیفات سے بھی استفادہ کیا ہے۔ خط شکستہ نہایت عمدہ ہے۔ کہیں کہیں کتاب کی حالت خستہ ہے جسکی مرمت کرادی گئی ہے۔ کتاب کے مصنف کا نام سبحان سنگھ صاف پڑھا جارہا ہے۔ کتاب پر نوابین اودھ، نواب امجد علی شاہ، نواب سلیمان جاہ و نواب واجد علی شاہ کی مہریں ثبت ہیں۔

❖❖❖❖❖❖

(۲۱) نام کتاب : دیوان ظہوری
مصنف : مولانا ظہوری
زبان : فارسی

فن : شاعری
مطبوعہ رقلمی : قلمی بہ خط نستعلیق دیدہ زیب کتاب حافظ نور محمد
صفحات : ۹۶۴
سائز : سترہ×اُنتیس سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۹۱
صفحۂ اول : بسم اللہ الرحمن الرحیم
خرمی چمن سخن بطراوت حمد بہار پرائیست کہ گلزار ابراہیم......

جائزہ : ظہوری فارسی ادب کا معتبر اور مشہور شاعر ہے۔ یہ اسی کا کلام بلاغت نظام ہے۔ اس پر امیر الدولہ تعلقدار محمود آباد کی مہر ثبت ہے۔ ۱۲۱۹ ہجری کی۔
ایک مہر ۱۱۳۹ ہجری کی داخل کتب خانہ صفوی تحریر ہے۔

❖❖❖❖ ❖

(۲۲) نام کتاب : رسالہ انتظام سلطنت
مصنف : نامعلوم
زبان : فارسی
فن : مضامین انتظامات حکومت و سلطنت
خط تحریر : نستعلیق جلی
مسودہ : قلمی
صفحات : ۹۲
سائز : ساڑھے بیس × تیرہ سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۵۰
ابتدائی صفحہ : رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر
ابتدائے سخن بنام پروردگار تک عالم و ہرچہ در عالم است آفریدۂ اوست......

تبصرہ : اس کتاب کو کافی غور سے پڑھا لیکن رسالہ انتظام سلطنت نام کہیں نہیں ملا۔ مصنف یا مؤلف کا نام بھی نہیں ملا۔ ویسے آغاز اسلام سے اُمور سلطنت کو کیسے نبھایا گیا اور سلاطین میں کیا کیا خوبیاں ہونی چاہئیں اور رعایا کے ساتھ کیسے پیش آنا چاہئے اور حسن انتظام کو کس طرح مختلف شعبہ ہائے انتظام و انصرام میں بانٹنا چاہئے اور اسلاف نے کیسے کیسے بانٹا تھا، یہی اس کتاب کا موضوع ہے۔ کتاب کی حالت اور خط تحریر بہت اچھا ہے۔ یہ کتاب بھی کتب خانہ سلیمان جاہ کی مہر کے ساتھ دیگر مہریں بھی اپنے اندر رکھتی ہے، بتاریخ یازدہم ربیع الاول ۱۲۶۲ ہجری کو یہ امجد علی شاہ کے کتب خانہ میں داخل کی گئی۔

❖❖❖❖ ❖

(۲۳) نام کتاب : رسالہ صفات السیف
مصنف : محمد ہادی اور لطف اللہ تخلص نثار پسر نصرت اللہ خاں
زبان : فارسی
فن : شمشیر زنی و اقسام شمشیر
مطبوعہ یا قلمی : قلمی
صفحات : ۴۶

سائز : ساڑھے بارہ × بائیس سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۹۹
صفحۂ اول : رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر
احسان بے پایاں رب الاکرم الاکرمین کہ بہ نور......

جائزہ : یہ اہتمام محمد بیگ ۱۲۳۱ ہجری سیاہ قلم سے تحریر ہے، دوسری تحریر قلم سے ۱۰ ذیقعدہ ۱۱۹۷ ہجری تحریر ہے، نواب سلیمان جاہ کی مہر میں ۱۲۴۴ ہجری تحریر ہے۔ یہ رسالہ استادان شمشیر زنی سے استفادہ کر کے، تلوار چلانے کے داؤ پیچ سکھانے کے لئے لکھا گیا ہے۔ اس کے علاوہ دوسرے حصہ میں اقسام السیف یعنی تلواروں کی قسمیں لکھی گئی ہیں۔ دنیا میں تلوار کی ساخت، نمونے، اس کی دھار رکھنے کا فن اور عربی، رومی، ہندوستانی تلواروں کی ساخت سے بحث کی گئی ہے۔ شکلیں بھی نمونے کے طور پر دی گئی ہیں، فرنگیوں کی تلواروں سے بھی بحث کی گئی ہے۔ فرانس کی تلواریں بھی زیر بحث لائی گئی ہیں۔ راجپوت حضرات تلوار کیسے بناتے ہیں وغیرہ وغیرہ اس کا اس میں ذکر ہے۔

❖ ❖❖❖❖

(۲۴) نام کتاب : زبدۃ التواریخ
مصنف : جانی احمد بن محمد علی بن محمد باقر الاصفحانی
زبان : فارسی
فن : مذہب اسلام، نثر فارسی، (تالیفِ رسالہ دربیانِ احکامِ ضروریہ نماز و روزہ)
تحریر : بہ نستعلیق جلی
مبطوعہ رقلمی : قلمی
صفحات : ۲۵۰
سائز : چوبیس × تیرہ سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۴۴
صفحۂ اول : بسم اللہ الرحمن الرحیم
الحمد للہ الذی..........معز الکرام

امابعد! گوید بندہ جانی احمد بن محمد علی بن محمد باقر الاصفحانی المشہور لبہبہانی غفر اللہ ذنو بہم بہ محمد و علی کہ جوں ایں بے بضاعت، عدیم السعادت از مشیت ازلی و تقدیر حکیم لم یزلی......

جائزہ : یہ رسالہ زبدۃ التواریخ مذہب اسلام میں جو احکام نماز اور روزے کے بارے میں قرآن میں آئے ہیں اُن کو عربی کی عبارتوں کو سامنے رکھ کر فارسی میں ترتیب دیا گیا ہے۔ روشنائی سیاہ اور صاف ہے خط نستعلیق ہے کتاب کی حالت زیادہ اچھی نہیں ہے۔ کتاب کے آخر میں اس کا سنہ تالیف ۱۲۲۷ ہجری سمجھ میں آتا ہے، روز پنجشنبہ (جمعرات) کے آگے دیمک نے عبارت کو چاٹ لیا ہے، کتاب پر نوابین اودھ کی تین مہریں ثبت ہیں، ایک مہر جس میں نواب امجد علی شاہ کا نام پڑھا جاسکتا ہے۔ دو مہروں میں نوابین کا نام نہیں پڑھا جاسکتا۔

❖ ❖❖❖❖

(۲۵) نام کتاب : زبدۃ التواریخ
مصنف : نور الحق
زبان : فارسی
فن : تاریخ نویسی، واقعات نگاری

قلمی یا مطبوعہ : قلمی، نہایت بہترین قدیم خط شکستہ جس کا جواب نہیں، بہ عہد جہانگیر بادشاہ
صفحات : ۴۰۲
سائز : ساڑھے پندرہ × ساڑھے پچیس سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۷۶

رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر

صفحۂ اول : خطبہ کبریاو جلال بنام شاہنشاہی سرد کہ عالم وہر چہ در عالم است آفریدہ......

جائزہ : اس تاریخ پر محمد شاہ بادشاہ غازی کی مہر ہے، نوابین اودھ کی بھی مہریں ثبت ہیں۔ یہ محدث دہلوی شاہ عبد الحق کی تصنیف معلوم ہوتی ہے۔ چونکہ میں نے زبدۃ التواریخ کے نام سے کہیں کسی لائبریری میں شیخ عبد الحق محدث دہلوی کا نام دیکھا ہے۔ ۱۰۹۸ہجری سے لے کر ۱۱۶۳ہجری تک کے اندراج اس میں موجود ہیں۔
ابتدائی صفحات جنکی تعداد پانچ (۵) ہے، اس میں خط شکستہ میں مختلف تاریخی مادّے مذکور ہیں، فرخ سیر شاہ عالم گیر شاہ وغیرہ کے جلوس انہیں پانچ (۵) صفحات میں درج ہیں، اصل تاریخ کی ابتدا قطب الدین ایبک سے ہو کر شاہ عالم پر ختم ہوتی ہے۔ بہت قیمتی نسخہ ہے۔

❖❖❖❖ ❖

(۲۶) نام کتاب : سوانح دکن
مصنف : منعم خاں ہمدانی اورنگ آبادی
زبان : فارسی
فن : تاریخ
قلمی یا مطبوعہ : قلمی
صفحات : ۲۴۴
سائز : اٹھارہ × اٹھائیس سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۵۴

رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر

صفحۂ اول : حمد داوری کہ بو قلموئے اقالیم سبعہ ریکی......

جائزہ : ۱۱۹۷ہجری میں یہ کتاب سوانح دکن، منعم خاں ہمدانی نے مختلف تواریخ کے ماخذوں سے استفادہ کر کے نہایت جامع انداز میں ترتیب دی۔ اس میں میر نظام علی خاں بہادر نواب دکن کے سوانح تحریر کئے گئے ہیں، نوابین اودھ از جملہ نواب امجد علی شاہ و نواب واجد علی شاہ و سلیمان جاہ کے ذاتی کتب خانوں کی اس پر مہریں ثبت ہیں۔ کتاب کا خط نستعلیق اور حالت ٹھیک ہے۔

❖❖❖❖ ❖

(۲۷) نام کتاب : سراج اللغات (دفتر دویم)
مصنف : سراج الدین علی خاں آرزو
زبان : فارسی
فن : لغت نویسی
قلمی یا مطبوعہ : قلمی
صفحات : ۲۴۴
سائز : اکیس × چودہ سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۴۵

رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر

صفحۂ اول : امابعد حمد واضح جمیع نعات وصلوٰۃ برافصح وافصل موجودات......

جائزہ : نواب امجد علی شاہ کی مہر ثبت ہے، ۷ر ربیع الثانی ۱۲۲۳ہجری کی تاریخ کو سراج اللغات کی یہ جلد جس کے مصنف سراج الدین علی خاں آرزو ہیں، نقل تمام ہوئی۔

اس میں لغات واصطلاحات شعرائے متاخرین بیان کی گئی ہیں۔

کتاب کی حالت خستہ ہے جگہ جگہ دیمک آلودہ ہے، مرمت کی گئی ہے مگر کافی نہیں ہے۔

❖❖❖❖❖ ❖

(۲۸) نام کتاب : سراج اللغات (حصہ سوم)

مصنف : سراج الدین علی خاں آرزو

زبان : فارسی

فن : لغت فارسی

قلمی رغیر قلمی : قلمی

صفحات : ۳۲۴

سائز : اکیس × ساڑھے بارہ سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۴۴

صفحۂ اول : بسم اللہ الرحمن الرحیم
الحمد للہ علی جبریل الاابابہ واصلی علی اشرف انبیاء واولیاء......امابعد

جائزہ : یہ سراج اللغات کا تیسرا حصہ ہے۔ ایک جگہ حاشیہ پر ۱۴ر ربیع الاول ۱۲۳۶ہجری کی تاریخ تحریر ہے، صفحہ اول پر ہشتم ربیع الاول ۱۲۶۲ہجری مرقوم ہے، ایک مہر سیاہ خورد، زین الدین احمد خاں کی ہے۔ ایک سلیمان جاہ کی ۱۲۴۴ہجری کی، دوسری امجد علی شاہ کی سنہ ہجری سمجھ میں نہیں آرہی، اس میں اوراق کی جلد بندی کہیں کہیں غلط ہے، جیسے باب الیاء شروع میں ہے اور باب الباء آخر میں، چونکہ صفحات کی نشاندہی نہیں کی گئی اس وجہ سے یہ غلطی ہوئی۔

❖❖❖❖❖ ❖

(۲۹) نام کتاب : سراج اللغات (جلد دویم)

مصنف : سراج الدین علی خاں آرزو

زبان : فارسی

فن : لغت

قلمی یا مطبوعہ : قلمی

صفحات : ۳۷۰

سائز : بتیس × تیرہ سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۹۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صفحۂ اول : امابعد حمد واضح جمیع آفات وصلوٰۃ برافصح وافصل موجودات......

جائزہ : یہ سراج اللغات کی دوسری جلد ہے، اس میں کہیں کہیں دیمک زدگی ہے، باقی دیگر وہی نواب امجد علی شاہ کی مہر، سلیمان جاہ کی مہر، زین الدین احمد خاں کی مہر، سلطان عالم کی مہر۔

بتاریخ ہشتم ربیع الاول ۱۲۶۲ ہجری، معلوم ہوتا ہے کہ اس میں اوراق کم ہو گئے ہیں کیونکہ سرورق کے حساب سے ۲۸۷ اوراق کی سند ہے، جس کے حساب سے ۵۷۴ صفحات ہونے چاہئیں، یہاں کل ۱۸۵ اوراق یعنی ۳۷۰ صفحات ہیں۔

سنہ تصنیف : مورخہ سنہ شوال ۱۰۰۰ الف و سبعین سنہ ہجری یعنی ۱۰۷۰ ہجری تحریر ہے۔

❖❖❖❖ ❖

(۳۰) نام کتاب : سراج اللغات

مصنف : سراج الدین علی خاں آرزو

زبان : فارسی

فن : لغت فارسی

قلمی یا مطبوعہ : قلمی

صفحات : ۱۸۴

سائز : ساڑھے تیرہ × چھبیس سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۷۵

صفحۂ اول : رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر
اما بعد حمد واضح جمیع نعات وصلوٰۃ برافصح موجودات......

جائزہ : یہ سراج الدین علی خاں آرزو کی سراج اللغات کی دوسری جلد ہے، یہ میر تقی میر کے سگے ماموں اور فن ریختہ کے استاد بھی ہیں، انھوں نے خود بھی اُردو اور فارسی میں غزلیں کہی ہیں، یہ لغت انھیں کی ہے اس میں اصطلاحاتِ شعرائے متاخرین مثل فرہنگ جہانگیری، سروری و برہان قاطع وغیرہ سے استفادہ کر کے داخل لغت دوم کیا گیا ہے۔

اس کا سنہ تحریر ۱۱۶۰ ہجری ہے اور اس کتاب کے اندراجات سے پتہ چلتا ہے کہ اس کو کوٹھی خاص میں جمع کیا گیا تھا کیونکہ اس میں لکھا ہے آمداز کوٹھی خاص، سیاہ روشنائی سے مہر میں ۱۲۲۴ ہجری کی تاریخ درج ہے۔ نوابین اودھ کی تین سرخ مہریں بھی اس میں لگی ہیں، جن کی تاریخ واضح نہیں ہے البتہ ایک مہر کتب خانہ سلیمان جاہ بہادر کی، دوسری نواب امجد علی شاہ کی، تیسری بڑی مہر بھی امجد علی شاہ کی ہے ایک جگہ اندراج میں تحریر ہے کہ بتاریخ یازدہم ربیع الاول ۱۲۶۲ ہجری رسید۔

کتاب کی حالت خستہ ہے اور دو روشنائیاں استعمال کی گئی ہیں ایک سرخ اور ایک سیاہ، کتاب کی مرمت بھی کی گئی ہے مگر یہ مرمت ناکافی ہے۔ یہ قلمی مسودہ کافی نایاب ہے۔

❖❖❖❖ ❖

(۳۱) نام کتاب : سنگھاسن بتیسی

مصنف : فضل حق

زبان : فارسی

فن : قصہ گوئی

قلمی یا مطبوعہ : قلمی

صفحات : ۱۵۲

سائز : تیئیس × چودہ سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۶۳

صفحۂ اول : بسم اللہ الرحمن الرحیم
شکر در درگاہ ایزد حق بر حق ذالجلال نیست طاقت در زبان آرم......

جائزہ : راجہ بکرماجیت کے واقعات وفسانہ ہائے عجیب وغریب کو ہندی میں سنگھاسن بتیسی کے نام سے جانا پہچانا جاتا ہے، انہی واقعات کو فارسی زبان میں ۲۶؍ربیع الاول ۱۲۳۶ ہجری کو رقم کرکے کتاب کا نام سنگھاسن بتیسی رکھا گیا۔ اس کو مرزا اکبر علی اصفہانی نے کتابت کرکے اور فضل حق صاحب نے فارسی میں ترجمہ کرکے دیوان صاحب لالہ کالکا پرشاد صدر کوٹھی مکن پور کی خدمت میں پیش کیا۔

❖❖❖❖❖ ❖

(۳۲) نام کتاب : سیر المتاخرین

مصنف : غلام حسین

زبان : فارسی

فن : تاریخ

قلمی؍مطبوعہ : قلمی

صفحات : ۶۸۴

سائز : ساڑھے تیرہ × بیس سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۶۵

صفحۂ اول : بسم اللہ الرحمن الرحیم

سپاس بے قیاس وستایش سرمدے اساس نثار بارگاہ عظمت وجلال......

جائزہ : غرہ ماہ صفر سہ شنبہ ۱۱۹۴ ہجری میں، غلام حسین بن ہدایت اللہ خاں طباطبائی الحسنی نے یہ تاریخ تحریر فرمائی۔ اس میں عہد اورنگ زیب عالمگیر کے صوبہ دار برائے گجرات غازی الدین خاں اوران کے ہمعصروں کی تاریخ ہے۔

پرانی اورنایاب کتاب ہے۔ جواپنے زمانے کا احاطہ کرتی ہے۔

❖ ❖❖❖❖❖

(۳۳) نام کتاب : شرح زلیخا

مصنف : محمد عابد خاں رامپوری

زبان : فارسی

فن : شاعری از قسم مثنوی

قلمی یا مطبوعہ : قلمی

صفحات : ۱۹۶

سائز : ساڑھے اکتیس × بارہ سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۷۴

صفحۂ اول : رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر

حاشیۂ زلیخا بتاریخ دہم ۱۰ ؍شوال ۱۱۹۱ ہجری بروز سہ شنبہ مقام لکھنؤ

جائزہ : محمد عابد خاں نے یہ نثری شرح پہلے ریاست رامپور میں تمام کی تھی مگر جب لکھنؤ سے پذیرائی کی امید ہوئی تو اس نسخہ میں رامپور فسخ کرکے لکھنؤ لکھ دیا۔ یہ مثنوی فارسی ادب میں یوسف زلیخا، بطرز مثنوی از مولانا عبدالرحمٰن جامی مشہور ہے، یہ اسی کی نثر میں شرح ہے، اس میں ماہ ربیع الاول ۱۲۶۲ ہجری میں کتب خانہ کی مہر نہیں بلکہ تحریر ہے، نوابین میں سے ۱۲۴۴ ہجری کی مہر

سلیمان جاہ کے کتب خانہ کی، امجد علی شاہ کی سنہ ہجری پڑھی نہیں جا رہی، واجد علی شاہ کی مہر بھی ہے مگر سنہ ہجری نہیں پڑھی جا رہی، کتاب کے آخر میں ایک مہر ۱۲۶۳ ہجری کی بھی ہے، جو نواب واجد علی شاہ کی معلوم ہو رہی ہے۔

❖❖❖❖❖❖

(۳۴) نام کتاب : شرح جامی
مصنف : نعمت خاں عالی لکھنوی
زبان : فارسی
فن : قواعد گرامر، فارسی
قلمی یا مطبوعہ : قلمی
صفحات : ۶۴
سائز : تیئیس × سولہ سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۹۷
: بسم اللہ الرحمن الرحیم
صفحۂ اول : الکلمۃ لفظ وضع بہ بمعنی مفرد ترکیب کہ الکمۃ مبتدا است ولفظ خبر مبتدا......

جائزہ: ۲۴ر شوال ۱۲۱۴ ہجری بروز جمعہ کو نعمت خاں عالی ساکن کریم گنج لکھنؤ نے اس تشریح قواعدِ فارسی کو تجلیات رحمانی سے موسوم کر کے عضد الکمالات ایزد سجانی وغیرہ القاب سے مزین کر کے نواب اودھ کی خدمت میں پیش کیا ہے۔ تین نوابین کی مہریں ثبت ہیں، منشی محمد بخش نے نمبر موجودات ڈالکر داخل دفتر کیا ہے۔

۱۲۶۲ ہجری کی تاریخ کتاب پر موجود ہے۔

میں نے کتاب کا نام شرح جامی بہت تلاش کیا مگر مجھے نہیں ملا، میرا خیال ہے کہ اس کے اوراق ابتدائی غائب ہیں جس سے کتاب کے عنوان کا پتہ چل سکے مصنف کا نام محمد بخش غلط تحریر کیا گیا ہے۔ یہ تو افسر کتب خانہ نواب کا نام ہے۔

❖❖❖❖❖❖

(۳۵) نام کتاب : شرح جام جہاں نما
مصنف : شاہ وجیہہ الدین گجراتی
زبان : فارسی
فن : تصوف، دین اسلام
تحریر : نستعلیق جلی
صفحات : ۷۲
مطبوعہ ر قلمی : قلمی
سائز : تیس × بیس سینٹی میٹر
ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۹۶
آغاز صفحہ ۱ : بسم اللہ الرحمن الرحیم
حمد بے حد و شکر بے حد سزائے ذاتے کہ وحد تش فشائے احدیت واحدیت شد......

جائزہ: یہ کتاب تصوف کے بارے میں ہے جس کا نام جام جہاں نما ہے۔ یہ اس کے جزو اول کی شرح ہے اور فارسی زبان میں ہے۔ اس کے مصنف کا نام شاہ وجیہہ الدین گجراتی ہے۔ کتاب بہت بوسیدہ ہے اور نہایت خوش خط نستعلیق میں جلی خط میں لکھی

محمد بیگ نے شرح جام جہاں نما لکھا ہے۔
اس کتاب میں مسئلہ وحدت الوجود اور مسئلہ وحدت الشہود سے بحث کی گئی ہے۔

❖ ❖❖❖❖❖

(۳۶) نام کتاب : شرح مراۃ الحقائق

مصنف : محمد حمید اللہ

زبان : فارسی

فن : تصوف دین اسلام (مسئلہ تناسخ پر امام شافعی کی بحث)

تحریر : خط نستعلیق جلی

مطبوعہ رقلمی : قلمی

صفحات : ۶۲

سائز : تیس × بیس سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۷۸۴۰۴

صفحۂ اول : بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی اری قلوب خواصہ وجوہ تجلیاتہ......

اس رسالہ کے خاتمہ پر مندرجہ ذیل عبارت تحریر ہے

تمّت رسالہ اراءۃ الدقائق فی شرح مراۃ الحقایق بالخیر والسعادۃ ۱۱۸۱ھ

حضرت امام شافعی رضی اللہ عنہ نے مسئلہ تناسخ پر عربی میں ایک رسالہ مراۃ الحقایق لکھا تھا یہ اسی کی فارسی شرح ہے جسے اراءۃ الدقایق کے نام سے محمد حمید اللہ نے کتابت کیا ہے۔ یہ خط 'نستعلیق جلی' وہی ہے جس نے شرح جام جہاں نما مصنف شاہ وجیہہ الدین نقل کیا ہے۔ مجھے تو یہ کتاب بھی شاہ وجیہہ الدین گجراتی کی معلوم ہوئی۔

❖ ❖❖❖❖❖

(۳۷) نام کتاب : طوطی نامہ

مصنف : فریدالدین عطار

زبان : فارسی

فن : داستان گوئی

قلمی یا مطبوعہ : قلمی

صفحات : ۳۶۶

سائز : ۱۵×۲۲ سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۶۸

صفحۂ اول : مشورت بر شاک رفت وگفت کہ مرا چنین کار پیش آمدہ است......

جائزہ : اس کتاب میں جو پہلا اور دوسرا صفحہ ہے اس کا تعلق 'طوطی نامہ' سے نہیں ہے۔

'طوطی نامہ' کے ابتدائی اوراق ضائع ہو گئے، مگر چونکہ یہ مشہور کتاب ہے اور اس میں داستان گوئی کی طرز پر حضرت فریدالدین عطار صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے زندگی کے مسائل سے بحث کی ہے اور جن کرداروں پر یہ داستان چلتی ہے وہ انسان نہیں بلکہ پرندے ہیں جیسے طوطا، طاؤس وغیرہ یہی اس کتاب کے بنیادی کردار ہیں۔ کسی کاتب نے اصل کتاب قلمی سے یہ نقل کی ہے، اس کا خط کہیں کہیں شکستہ ہے، کہیں کہیں نستعلیق۔

(۳۸) نام کتاب : غرائب اللغت

مصنف : عبداللطیف

زبان : فارسی

فن : لغت ہندی، فارسی

قلمی یا مطبوعہ : قلمی

صفحات : ۳۰۸

سائز : ساڑھے اٹھائیس × سترہ سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۵۱

صفحۂ اول : سرنامہ راسایۂ بال ہماست وظل تو جہانش دیباچہ کتاب را............

جائزہ : آغاز لغت میں صفحات کی گم شدگی درج نہیں ہے، کسی علی حسن خاں کی مہر ثبت ہے جس پر ۱۲۶۴ ہجری کی تاریخ درج ہے۔ آخر کے صفحات بھی غائب ہیں۔

خط نستعلیق میں ہندی کے الفاظ لکھ کر اس کے فارسی معنی سمجھائے گئے ہیں۔ گویا فارسی داں اصحاب کو لوکل یعنی مقامی بولی میں استعمال ہونے والے الفاظ کی فارسی میں تشریح کی گئی ہے۔

❖❖❖❖ ❖

(۳۹) نام کتاب : غزلیاتِ شوکت

مصنف : شوکت بخاری

زبان : فارسی

فن : شاعری (غزلیات فارسی)

قلمی رمطبوعہ : قلمی

صفحات : ۲۰۰

سائز : بائیس × بارہ سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۷۷

صفحۂ اول : رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر
تنم رابسکہ ضعف تیرہ بختی ناتواں دارد......

جائزہ : یہ دیوان شوکت بخاری ہے۔ نہایت دیدہ زیب خط ہے ۲۰۰ صفحات پر مشتمل غزلیاتِ فارسی کا یہ مجموعہ نایاب ہے مگر اس پر کسی بھی ریاست یا صوبے کے نواب کی مہر نہیں ہے مگر کلام کے اسلوب سے پتہ چلتا ہے کہ یہ نسخہ قدیم ہے ایک سیاہ مہر زین الدین احمد خاں کی ضرور ثبت ہے۔

❖❖❖❖ ❖

(۴۰) نام کتاب : فرہنگ مرکبات وکنایات مع لغات

مصنف : حقداد خاں جلوانی

زبان : فارسی

فن : لغت فارسی (اساتذۂ فارسی کے اشعار کو مثال میں رکھ کر کنایات واستعارات اور مرکبات کے معنی سمجھائے گئے ہیں)

قلمی رمطبوعہ : قلمی

قلمی رمطبوعہ : قلمی

صفحات : ۲۴۶

سائز : چودہ × ساڑھے تیئیس سینٹی میٹر

ایکسیشن نمبر : ۴۸۳۶۲

صفحۂ اول : رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر
خاتمہ مشتمل بر پنج در، در اول مشتملست بر کنایات واصطلاحات واستعارات......

جائزہ : یہ فرہنگ حقداد خاں جلوانی نے تصنیف کی ہے، اس کا نام غلط اندراج ہے۔ کتب خانہ نوابین اودھ کے اندراج نمبر ۲۷ میں اس کا نام فرہنگ مرکبات وکنایات درج ہے، جس کی تصدیق مصنف کی مندرجہ ذیل عبارت سے ہورہی ہے جو اس نے کتاب کے آخر میں تحریر کی ہے۔
